الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmaii.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name : **haroon suleman**
Address : **karachi**
Subject : **SWAB-GUNAH**
Writer : عطاء الرحمن

Serial No : **17391**
Date : **10/20/2012**
Contact No:
Email :

1. Mein aik idary me officer post per hon. Agar mein khud koe gunah karta hon to kia mere lea apne matehat ko us gunah se rokna zarory ha. Jabke is ka ikhlaqe jawaz peda nahein hota?

میں ایک ادارے میں آفیسر ہوں۔ اگر میں خود کوئی گناہ کرتا ہوں تو کیا میرے لئے اپنے ماتحت کو اس گناہ سے روکنا ضروری ہے۔ جبکہ اس کا اخلاقی جواز پیدا نہیں ہوتا؟

الجواب حامداً و مصلیاً

قرآن کریم نے فرمایا "أتأمرون الناس بالبر وتنسون انفسکم" یعنی تم لوگوں کو نیک کام کا حکم دیتے ہو اور خود اپنے آپ کو بھلا دیتے ہو کہ خود اس نیکی پر عمل نہیں کرتے۔ اس آیت نے امر بالمعروف اور وعظ و نصیحت کرنے والوں کو اس بات پر شرمندہ کیا ہے کہ لوگوں کو ایک نیک کام کی دعوت دو اور خود اس پر عمل نہ کرو اور مقصد یہ ہے کہ جب دوسروں کو نصیحت کرتے ہو تو خود اپنے آپ کو نصیحت کرنا اس سے مقدم ہے، جس کام کی طرف لوگوں کو بلاتے ہو خود بھی عمل کرو۔

لیکن یہ نہیں فرمایا کہ جب خود نہیں کرتے تو دوسروں کو کہنا بھی چھوڑ دو۔ اس سے معلوم ہوا کہ جس نیک کام کے خود کرنے کی ہمت و توفیق نہیں ہے، اس کی طرف دوسروں کو بلانے اور نصیحت کرنے کا سلسلہ نہ چھوڑے، امید ہے کہ اس وعظ و نصیحت کی برکت سے کسی وقت اس کو بھی عمل کی توفیق ہو جائے۔ (ماخوذ از معارف القرآن ج ۱ ص ۲۲۲)۔ واللہ أعلم بالصواب

عطاء الرحمن حنیف
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۶/صفر المظفر ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ تاج ریحان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۶ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ مفتی ... عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ
۲۷ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ

دار الافتاء ۱۷۳۹۱ ۵ ۳ ۱۴۳۴ھ
رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

7/1/14